## رابطہ کمیٹی کا اہم مشترکہ اجلاس آج دوسرے روز کئی گھنٹے جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہوگیا

## پاکستان کی مجموعی سیاسی صورتحال اور مختلف تنظیمی معاملات پر تفصیلی غور وخوص، مختلف فیصلے کئے گئے

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین نے بھی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے فون پر گفتگو کی اور رابطہ کمیٹی کے فیصلوں کی توثیق کی

## ایم کیوایم کا پیغام ملک بھر میں تیزی سے پھیل رہا ہے، ایم کیوایم ہی غریب ومظلوم عوام کی آخری امید ہے۔ الطاف حسین

## ایم کیوایم کے منتخب نمائندے عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔ رابطہ کمیٹی سے گفتگو

## دوروزہ اہم اجلاس کے اختتام پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان پاکستان روانہ ہوگئے

لندن۔۔۔ 26 مارچ 2010ء

ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ہونے والا رابطہ کمیٹی کا اہم مشترکہ اجلاس آج دوسرے روز کئی گھنٹے جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہوگیا۔ رابطہ کمیٹی پاکستان اور لندن کے اس مشترکہ اجلاس میں پاکستان کی مجموعی سیاسی صورتحال اور مختلف تنظیمی معاملات پر تفصیلی غور وخوص کیا گیا اور اس حوالے سے مختلف فیصلے کئے گئے۔ اجلاس میں ملک بھر میں بڑھتے ہوئے تنظیمی کام، پنجاب میں ہونے والے کنونشن اور رکنیت سازی مہم کا بھی جائزہ لیا گیا اور اس پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں ملک بھر میں تنظیم سازی اور مختلف تنظیمی شعبوں کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے سلسلے میں کئی فیصلے کئے گئے۔ اجلاس میں ایم کیوایم یوکے کی رکنیت سازی مہم کا بھی جائزہ لیا گیا اور اس کامیاب اور بھرپور رابطہ مہم پر ایم کیوایم یوکے کے عہدیداروں اور کارکنوں کو مبارکباد پیش کی گئی۔ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے بھی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں ٹیلیفون پر گفتگو کی۔ رابطہ کمیٹی نے جناب الطاف حسین کو اجلاس میں ہونے والے فیصلوں سے آگاہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے فیصلوں کی توثیق کی اور رابطہ کمیٹی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام ملک بھر میں تیزی سے پھیل رہا ہے، ایم کیوایم ہی غریب ومظلوم عوام کی آخری امید ہے لہٰذا تنظیم کو ہر سطح پر مزید منظم کیا جائے اور تنظیمی کام کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے۔ جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی پر زور دیا کہ عوامی مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کے منتخب نمائندوں کو مزید متحرک کیا جائے اور منتخب نمائندے عوام کے مسائل اور مشکلات کے حل کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔ دوروزہ اہم اجلاس کے اختتام پر رابطہ کمیٹی کے ارکان جمعہ کی شام پاکستان روانہ ہوگئے۔

## ٹنڈو الہیار کے قریب ٹریفک کے المناک حادثے میں ایم کیوایم حیدرآباد کے پانچ کارکنان جاں بحق

## پانچوں کارکنان شادی کے دعوت نامے تقسیم کرنے کیلئے میر پور خاص جارہے تھے

## کارکنان کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

حیدرآباد۔۔۔26، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے پانچ کارکنان ٹنڈو الہیار کے قریب ٹریفک کے المناک حادثے میں جاں بحق ہوگئے۔ (اناللہ وانا الیہ راجعون) تفصیلات کے مطابق جمعہ کی صبح ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر E یونٹ 15-B کے کارکنان جبران ولد محمود الحسن، ارسلان ولد رمضان، آصف ولد فضل الرحمان، گلفام ولد اسلم پرویز اور سیکٹر F کے کارکن عالد ولد آصف شادی کی تقریب کے دعوت نامے تقسیم کرنے کیلئے حیدرآباد سے میر پور خاص جارہے تھے کہ ٹنڈو الہیار میں سلطان آباد کے قریب ان کی کار اور ٹرالر کے درمیان خوفناک تصادم ہوگیا جس کے نتیجے میں پانچوں کارکنان موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم حیدرآباد اور ٹنڈو الہیار زون کے ذمہ داران اور کارکنان ٹنڈو الہیار اسپتال پہنچ گئے جہاں مرحومین کے عزیز واقارب شدت غم سے نڈھال تھے اور پھوٹ پھوٹ کر رورہے تھے۔ اس موقع پر ایم کیوایم کے ذمہ داران نے سوگوار لواحقین کو دلاسہ دیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔ المناک واقعہ سے ایم کیوایم کے کارکنان میں دکھ اور صدمے کی لہر پائی جاتی ہے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر احمد اور شاکر علی حیدرآباد روانہ ہوگئے ہیں۔

دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹریفک کے المناک حادثے میں ایم کیوایم حیدرآباد زون کے پانچ کارکنان کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے تمام کارکنان کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا

فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین)

علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی ٹریفک کے المناک حادثے میں ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر E یونٹ B-15 کے کارکنان جبران ولد محمود الحسن، ارسلان ولد رمضان، آصف ولد فضل الرحمان، گلفام ولد اسلم پرویز اور سیکٹر F کے کارکن عالد ولد آصف کے جاں بحق ہونے پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

## جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایم کیوایم کے تحت ہفتہ کو بعد نماز عشاء پرنور محفل ذکر مصطفی ﷺ منعقد ہوگی

کراچی۔۔۔26، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں 27، مارچ بروہفتہ کو بعد نماز عشاء عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں پرنور محفل ذکر مصطفی ﷺ منعقد ہوگی جس میں ملکی وبین الاقوامی ثناء خواں بارگاہِ رسالت ﷺ میں عقیدت کا نذرانہ پیش کریں گے جبکہ ممتاز عالم دین اور معروف علمائے کرام اور مشائخ وعظام سیرت النبی ﷺ پر روشنی ڈالیں گے۔ محفل ذکر مصطفی ﷺ میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، سابق حق پرست بلدیاتی نمائندوں کے علاوہ کارکنان اور عوام بھی بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں محفل ذکر مصطفی ﷺ کے انتظامات کی تیاریاں مکمل کرلی گئیں جس کے باعث تمام علاقہ بقعہ نور بنا ہوا ہے۔

## حکومت مظفر وارثی کا علاج سرکاری خرچ پر کرائے، افتخار رندھاوا، ڈاکٹر علی حسین
## عالمگیر شہرت کے مالک نعت خواں وغزل گو شاعر کی علالت پر اظہار تشویش

لاہور۔۔۔26، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین نے عالمگیر شہرت رکھنے والے معروف نعت خواں اور غزل گو شاعر مظفر وارثی کے قوت گویائی اور یادداشت سے محروم ہوجانے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ حکومت مظفر وارثی کا علاج سرکاری خرچ پر کرائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ مظفر وارثی قومی اثاثہ ہیں اور ان کی نعتیہ اور غزل گو شاعری نے عالمگیر شہرت حاصل کی ہے جس سے ملک وقوم کا نام روشن ہوا ہے۔ انہوں نے مظفر وارثی اور ان کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور مظفر وارثی کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ عالمگیر شہرت کے مالک مظفر وارثی کو سرکاری اخراجات پر بہتر طبی سہولیات مہیا کی جائیں اور ان کے علاج معالجے میں کوئی کسر باقی نہ رکھی جائے۔

## قادر پور گیس فیلڈ کے کنٹریکچوئل ملازمین کے نمائندہ وفد کی بشیر احمد راجپر کی سربراہی میں شعیب احمد بخاری سے ملاقات

کراچی۔۔۔26، مارچ 2010ء

قادر پور گیس فیلڈ کے کنٹریکچوئل ملازمین کے ایک نمائندہ وفد نے بشیر احمد راجپر کی سربراہی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر واقع خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب احمد بخاری سے ملاقات کی اور OGDCL کے کنٹریکچوئل ملازمین کے دیرینہ مسائل سے انہیں آگاہ کیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست معاون خصوصی غلام حیدر راہو بھی موجود تھے جبکہ وفد کے دیگر ارکان میں حاجی علم دین سنگھڑ، علی جان بگٹی، عبداللہ سنگھڑ اور آغا شاہد حسین پٹھان شامل تھے۔ ملاقات میں وفد کے ارکان نے شعیب احمد بخاری کو بتایا کہ OGDCL کا دیرینہ مسئلہ کنٹریکچوئل ملازمین کی مستقلی ہے اور یہ ملازمین 66 روز سے اپنے حق کیلئے احتجاج کررہے ہیں۔ شعیب احمد بخاری نے محنت کش وفد کی گزارشات کو توجہ سے سنا اور کہا کہ ایم کیوایم محنت کشوں کے جائز حقوق کے حصول کی عملی جدوجہد کررہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ آج ایم کیوایم میں محنت کش طبقہ بہت بڑی تعداد میں شامل ہے۔ انہوں نے وفد کو OGDCL کے ملازمین کے دیرینہ مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔

## ایم کیوایم لاڑکانہ زون کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔26، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لاڑکانہ زون کے کارکن امداد علی سومرو کے والد محمد سلیمان سومرو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## عبدالرؤف صدیقی، خواجہ اظہار الحسن، شعیب ابراہیم اور طاہر قریشی نے جونا مارکیٹ کی آتشزدگی سے متاثرہ دکانوں کا معائنہ کیا
## آگ پر قابو پانے کی کوشش میں زخمی ہونے والے فائر مین کی عیادت کی اور نقد انعام دیا

کراچی۔۔۔26، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست منتخب عوامی نمائندوں صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی، صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن، ارکان سندھ اسمبلی شعیب ابراہیم اور طاہر قریشی نے کراچی کے قدیم تجارتی علاقے جونا مارکیٹ کی دکانوں میں آتشزدگی پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کے علاقائی ذمہ داران وکارکنان کے ہمراہ فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ کر آتشزدگی کی وجوہات معلوم کیں اور امدادی کاموں میں حصہ لیا۔انہوں نے متاثرہ دکانوں کے مالکان سے ملاقات کی اور انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔دریں اثناء ایم کیوایم کے حق پرست منتخب عوامی نمائندوں نے جونا مارکیٹ میں لگنے والی آگ پر قابو پانے کی کوشش میں شدید زخمی ہونے والے فائر مین کے گھر جا کر ان کی عیادت کی اور انہیں پندرہ ہزار روپے نقد انعام بھی دیا اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعائیں کیں۔اس موقع پر ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## قومی کرکٹ ٹیم کے اسٹارز کو دھمکی آمیز فون کالز کا سختی سے نوٹس لیا جائے، حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی

کراچی۔۔۔26 مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے قومی کرکٹ ٹیم کے اسٹارز کو دھمکی آمیز ٹیلی فون کالز اور بھتہ نہ دینے کی صورت میں انہیں ہراساں کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ نامعلوم افراد نے قومی کرکٹ ٹیم کے اسٹار کرکٹرز جاوید میاں داد، معین خان، شاہد آفریدی اور فیصل اقبال کو ٹیلی فون کالز پر بھتہ نہ دینے کی صورت میں سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں جو کہ ہر محبِّ وطن شہری کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ قومی کرکٹ ٹیم کے اسٹارز کو سنگین نتائج کی دھمکیوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔

☆☆☆☆☆